حکومت پاکستان

(اسٹیبلشمنٹ ڈویژن)

سیکرٹریٹ ٹریننگ انسٹی ٹیوٹ

مسل نمبر:۲-۱/۲۰۱۶/۱-۲۰۱۰-اردو

پلاٹ نمبر ۷، سیکٹر ایچ-۹،
اسلام آباد، ۲ دسمبر ۲۰۱۰ء

یاد داشت

موضوع: ۴ ماہ کا (جزوقتی) اردو مختصر نویسی تھیوری ٹائپ رکاری و کمپیوٹر (ان پیج) کورس برائے سرکاری ملازمین (سٹینوگرافرز، سٹینو ٹائپسٹس، یو ڈی سیز/ ایل ڈی سیز) و زیر کفالت (۳ جنوری ۲۰۱۱ء تا ۳۰ اپریل ۲۰۱۱ء)

سیکرٹریٹ ٹریننگ انسٹی ٹیوٹ، اردو شارٹ ہینڈ تھیوری رٹائپ کاری و کمپیوٹر (ان پیج) کورس برائے سرکاری ملازمین و زیر کفالت مورخہ ۳ جنوری ۲۰۱۱ء تا ۳۰ اپریل ۲۰۱۱ء سے منعقد کر رہا ہے۔ کلاسیں روزانہ صبح ۸-۳۰ تا ۱۰-۳۰ بجے ہوا کریں گی۔ یہ کورس بی پی ایس ۵ تا ۱۵ کے اہلکاران اور سرکاری ملازمین کے زیر کفالت بچوں جن کی کم از کم تعلیمی قابلیت میٹرک ہو، کے لئے تیار کیا گیا ہے۔ شرکاء کی ضرورت کے پیش نظر اس کورس میں درج ذیل مضامین کا احاطہ کیا جائے گا۔

نمبر شمار	مضمون	نمبر شمار	مضمون
۱	اردو مختصر نویسی تھیوری (مکمل کورس)	۲	اردو ٹائپ کاری (مکمل کورس)
۳	کمپیوٹر کا تعارف	۴	ان پیج پروگرام کو کھولنا، ٹائپ کرنا، محفوظ کرنا اور پرنٹ کرنا
۵	فولڈرز اور فائل بنانا	۶	کی بورڈ (keyboard) اپنی مرضی کے مطابق بنانا
۷	مختلف رسم الخط کا استعمال	۸	مراسلت نگاری اور گوشوارے بنانے کا طریقہ وغیرہ

۲۔ انسٹی ٹیوٹ اس کورس کے لئے کوئی فیس وصول نہیں کرے گا اور نہ ہی ٹی اے رڈی اے دینے کا پابند ہوگا تاہم اسلام آباد رراولپنڈی سے شرکت کرنے والے بی پی ایس ۱۵ تک کے شرکاء کورس اپنی وزارتوں، ڈویژنوں اور محکموں سے قانون کے مطابق (Conveyance) حاصل کر سکیں گے اور اسی طرح ہر کلاس میں شرکت پر بی پی ایس ۱۶ سے اوپر کے اہلکاران ٹیکسی چارجز کے مستحق ہوں گے۔ زیر کفالت شرکاء کو اپنے تمام اخراجات بشمول آمد و رفت خود برداشت کرنا ہوں گے۔

۳۔ جملہ وزارتوں رڈویژنوں رمحکموں و خود مختار اداروں سے گذارش ہے کہ مذکورہ کورس کے لئے موزوں اہلکاران کی نامزدگیاں (Nominations) مورخہ ۳۱ دسمبر ۲۰۱۰ء تک ادارہ ھذا کو ارسال کر دیں، تاخیر سے موصول ہونے والی نامزدگیاں قابل قبول نہ ہوں گی۔ خطوط تحریر کرتے وقت اپنے دفتر کا ٹیلیفون اور فیکس نمبر ضرور تحریر کریں۔ نیز نامزدگان کو ہدایت کریں کہ وہ اس سلسلہ میں مزید اطلاع کا انتظار کئے بغیر مورخہ ۳ جنوری ۲۰۱۱ء کو بوقت ۸-۳۰ بجے صبح انسٹیٹیوٹ میں برائے رجسٹریشن رتربیت رپورٹ کریں۔

۴۔ (حاضر سروس رریٹائرڈ) ملازمین کے زیر کفالت (Dependents) بیٹے ربیٹیاں جنہوں نے میٹرک کا امتحان پاس کیا ہو اور وہ مذکورہ تربیت حاصل کرنے کے خواہش مند ہوں، منسلکہ فارم (فوٹو کاپی بھی قابل قبول ہے) پر کر کے متعلقہ دفتر سے تصدیق کروا کر ۳۱ دسمبر ۲۰۱۰ء تک زیر دستخطی کو ارسال کریں اور مورخہ ۳ جنوری ۲۰۱۱ء کو تربیت کے لئے حاضر ہوں۔

۵۔ مذکورہ کورس کے بارے میں کسی بھی قسم کی مزید معلومات کے لئے زیر دستخطی سے فون پر رابطہ قائم کیا جا سکتا ہے۔

(ملک شبیر حسین)
ڈپٹی ڈائریکٹر (اردو)
فون: 9259024 فیکس: 9259023